بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 7 جمادی الثانی، 1439ھ | 23/02/2018 | نمبر: PR18015

شام کے جابر کو گردن سے پکڑنے کے لیے فوجی دستوں کو شام روانہ کیا جائے:

شام کے مسلمانوں کو بموں کی بارش کے حوالے کر کے پاکستان کے حکمران یمن میں سعودی بادشاہ کی جنگ میں مدد کے لیے ہماری افواج کو بھیج رہے ہیں

شام کا جابر بشار الاسد شامی مسلمانوں پر بموں کی وحشیانہ بارش کر رہا ہے اور مساجد، اسپتالوں اور اسکولوں تک کو نشانہ بنا رہا ہے۔ مسلمانوں کا خون پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے اور والدین اپنے بچوں کی لاشیں اٹھائے غم و آس کی تصویر بنے مدد کے لیے پکار رہے ہیں۔ لیکن پاکستان کے حکمرانوں کے کان امریکی ڈو مور کی آواز تو سنتے ہیں لیکن مظلوم مسلمانوں کی چیخ و پکار ان کے کانوں سے ٹکرا کر لوٹ جاتی ہے جیسے انہوں نے کچھ سنا ہی نہ ہو۔ پاکستان کے حکمران شامی مسلمانوں کی حمایت میں ہمارے فوجی دستے شام نہیں بھیج رہے لیکن امریکی ایجنٹ سعودی بادشاہ کی مدد کے لیے ہمارے فوجی دستے بھیج رہے ہیں جو یمن کے مسلمانوں پر زمین اور آسمان سے آگ برسا رہا ہے۔ پاکستان کے حکمرانوں نے شام کے مظلوم مسلمانوں کو نام نہاد "بین الاقوامی برادری" کے حوالے کر دیا ہے جبکہ یہ روس اور امریکہ ہی ہیں جو بشار کی مدد کر رہے ہیں کیونکہ وہ اسلام کے نفاذ کا مطالبہ کرنے والے مسلمانوں سے لڑ رہا ہے۔ پاکستان کے حکمرانوں نے شام کے مسلمانوں کو بموں کی بارش کے حوالے کر دیا ہے جبکہ ان کے پاس لاکھوں پر مشتمل فوج ہے جو اللہ سبحانہ و تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے مخلص ہیں، جوان میزائلوں سے مسلح ہیں جو بشار کے تخت تک پہنچ سکتے ہیں اور اس کے تخت کو اسی پر الٹا سکتے ہیں، اور یہ وہ فوج ہے جو اپنی بہادری اور اعلیٰ مہارت کے لیے شہرت رکھتی ہے۔

ان حکمرانوں سے اب کوئی امید نہیں لگائی جا سکتی کہ ان کے کان بہرے ہیں جو مظلوم مسلمانوں کی مدد کی پکار نہیں سنتے اور یہ اندھے ہیں کہ انہیں ہمارے دشمنوں کے جرائم اور مظالم نظر نہیں آتے چاہے یہ مسلمان مقبوضہ کشمیر کے ہوں یا برما، افغانستان یا شام کے مسلمان ہوں۔ انہیں تو رسول اللہ ﷺ کے اس قول کی بھی کوئی پرواہ نہیں جس میں رسول اللہ ﷺ نے کعبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا:

"مَا أَطْيَبَكِ وَأَطْيَبَ رِيحَكِ مَا أَعْظَمَكِ وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللَّهِ حُرْمَةً مِنْكِ مَالِهِ وَدَمِهِ وَأَنْ نَظُنَّ بِهِ إِلاَّ خَيْرًا"

"تو کتنا عمدہ ہے، تیری خوشبو کتنی اچھی ہے، تو کتنے بڑے رتبہ والا ہے اور تیری حرمت کتنی عظیم ہے، لیکن قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے، مومن کی حرمت (یعنی مومن کے جان و مال کی حرمت) اللہ تعالیٰ کے نزدیک تجھ سے بھی زیادہ ہے، اس لیے ہمیں مومن کے ساتھ حسن ظن ہی رکھنا چاہیئے "(ابن ماجہ)۔

یہ حکمران اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے خطاب سے بھی کوئی سبق لینے کو تیار نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ

"اور تم کو کیا ہو گیا ہے کہ اللہ کی راہ میں اُن بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے" (النساء:75)۔

ہم نے ان نافرمان حکمرانوں کو بہت دیکھ لیا اور آزما لیا ہے اور ہم یہ جانتے ہیں کہ ہماری واحد امید ان لوگوں کو پکارنے میں ہے جو ہماری تکلیف دہ بدترین صورتحال کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہم سب پر لازم ہے کہ ہم افواج میں موجود اپنے والد، بھائیوں اور بیٹوں سے یہ مطالبہ کریں کہ وہ ہماری دعاوں کے سائے میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لیے شام کے مسلمانوں کی حمایت میں حرکت میں آئیں۔ ہم سب پر لازم ہے کہ ہم افواج میں موجود اپنے رشتے داروں سے یہ مطالبہ کریں کہ وہ ان کی کامیابی یا شہادت کے راستے کی طرف مارچ میں رکاوٹ موجود بے شرم حکمرانوں کو ہٹا کر نبوت کے منہج پر خلافت کے قیام کے لیے نصرۃ فراہم کریں۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info